إِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ هِيَ أَشَدُّ وَطْءًا وَأَقْوَمُ قِيلًا

بیشک اُٹھنا رات کو ہے بہت ہی کارگر (نفس پر) قابو پانے کے لیے اور بہت ہی خوب وقت ہے (قرآن) پڑھنے کے لئے۔

الْمُزَّمِّلُ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

1. اے جھرمٹ مارنے والے!
2. کھڑا رہ رات کو (نماز میں)، مگر کسی رات،
3. آدھی رات یا اس سے کم کر تھوڑا سا،
4. یا زیادہ کر اس پر، اور کھول کھول (ٹھہر ٹھہر) پڑھ قرآن کو صاف۔
5. ہم آگے ڈالیں گے تجھ پر ایک بھاری بات (کلام)۔
6. البتہ اٹھان (اٹھنا) رات کا سخت روندتا ہے (سخت ہے نفس پر)، اور سیدھی نکلتی ہے بات۔
7. البتہ تجھ کو دن میں شغل رہتا ہے لمبا۔
8. اور پڑھ نام اپنے رب کا، اور چھوٹ جا اسکی طرف (اللہ کے ہو رہو) سب سے الگ ہو کر۔
9. مالک مشرق اور مغرب کا، اس بن کسی کی بندگی نہیں سو پکڑ (بنالو) اس کو کام سونپا (کارساز)۔
10. اور سہتا رہ (صبر کر) جو کہتے رہیں، اور چھوڑ ان کو بھلی طرح چھوڑنا۔
11. اور چھوڑ دے مجھ کو، اور جھٹلانے والوں کو جو آرام میں رہیں ہیں، اور ڈھیل دے انکو تھوڑی سی (اور)۔
12. البتہ ہمارے پاس (ان کے لئے) بیڑیاں ہیں، اور آگ کا ڈھیر،
13. اور کھانا گلے میں اٹکتا، اور دکھ کی مار۔
14. (یہ ہوگا) جس دن کانپے زمین اور پہاڑ، اور ہو جائیں پہاڑ ریت پھسلتی۔

15. ہم نے بھیجا تمہاری طرف رسول، بتانے والا تمہارا، جیسے بھیجا فرعون پاس رسول،

16. پھر کہا نہ مانا فرعون نے رسول کا پھر پکڑی ہم نے اس کو پکڑ وبال کی۔

17. پھر کیوں کر بچو گے (تم)؟ اگر منکر ہوگئے اس دن سے جو کرڈالے لڑکوں کو بوڑھا۔

18. آسمان پھٹتا ہے اس (وحشت) میں۔ ہے اس (اللہ) کا وعدہ ہونا۔

19. یہ تو سمجھوتی (نصیحت) ہے۔ پھر جو کوئی چاہے بنا رکھے (اختیار کر لے) اپنے رب کی طرف راہ۔

20. تیرا رب جانتا ہے تو اُٹھتا ہے (عبادت کیلئے) نزدیک دو تہائی رات کے اور آدھی رات اور تہائی رات
اور کتنے لوگ تیرے ساتھ کے۔
اور اللہ ناپتا ہے رات کو اور دن کو۔
اس نے جانا کہ تم اس کو پورا نہ کرسکو گے، پھر تم پر معافی بھیجی، سو پڑھو جتنا آسان ہو قرآن۔
جانا کہ آگے ہوں گے تم میں کتنے بیمار، اور کتنے اور پھرتے ملک میں
ڈھونڈتے اللہ کا فضل، اور کتنے اور لڑتے اللہ کی راہ میں،
سو پڑھو جتنا آسان اس میں سے،
اور کھڑی رکھو نماز، اور دیتے رہو زکوۃ، اور قرض دو اللہ کو اچھی طرح قرض دینا۔
اور جو آگے بھیجو گے اپنے واسطے کوئی نیکی، اس کو پاؤ گے اللہ کے پاس بہتر اور ثواب میں زیادہ۔
اور معافی مانگو اللہ سے۔ بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com